| Narration | Time |
|---|---|
| Moodle میں resources اپ لوڈ اور ترمیم کرنے کے سپوکن ٹیوٹوریل میں خوش آمدید۔ | 00:01 |
| اس ٹیوٹوریل میں، ہم سیکھیں گے۔ URL resource , Book resource اور Moodle میں resources میں ترمیم کرنا۔ | 00:08 |
| یہ ٹیوٹوریل: Ubuntu Linux OS 16.04 | 00:19 |
| XAMPP 5.6.30 سے ماخوذ Apache, MariaDB اور PHP، | 00:25۔ |
| Moodle 3.3 اور Firefox ویب براؤزر کا استعمال کر کے ریکارڈ کیا گیا ہے۔ آپ اپنی پسند کا کوئی بھی ویب براؤزر استعمال کر سکتے ہیں۔ | 00:33۔ |
| تاہم Internet Explorer کا استعمال نہ کریں کیونکہ اس سے کارکردگی میں کچھ تضادات ہوتے ہیں۔ | 00:43 |
| اس ٹیوٹوریل کے مطابق، آپ کے site administrator نے Moodle website ترتیب دی ہے۔ اور آپ کو بطور teacher رجسٹر کر چکے ہیں۔ | 00:51 |
| اس ٹیوٹوریل کے سیکھنے والوں کو Moodle پر teacher login ان ہونا چاہئے۔ انہیں کم از کم ایک course ک administrator کی طرف سے تفویض کیا گیا ہو۔ | 01:01 |
| اور انکے متعلقہ course کے لئے کچھ course material اپلوڈ کیا گیا ہو۔ | 01:11 |
| اگر نہیں تو، اس ویب سائٹ پر متعلقہ Moodle ٹیوٹوریل ملاحظہ کریں۔ | 01:16 |
| اس ٹیوٹوریل پر عمل کرنے کے لئے، آپ کو اپنے course میں طلباء کو شامل کرنا ہوگا۔ | 01:22 |
| طالب علم کو شامل کرنے کا طریقہ سیکھنے کے لئے، Users in Moodle ٹیوٹوریل دیکھیں۔ | 01:28 |
| میں نے پہلے ہی Priya Sinha نامی طالب علم کو اپنے course میں شامل کیا ہے۔ | 01:35 |
| براؤزر پر جائیں اور اپنی Moodle سائٹ پر بطور teacher لاگ ان ہوں۔ | 01:41 |
| بائیں نیویگیشن مینو میں Calculus course پر کلک کریں۔ | 01:48 |
| ہم نے پہلی سیریز میں ایک page resource اور folder resource شامل کیا۔ | 01:53 |
| اب ہم کچھ اضافی course material شامل کریں گے۔ اوپری دائیں طرف کے gear آئیکون پر کلک کریں اور پھر Turn Editing On پر کلک کریں۔ | 02:00 |

| | |
|---|---|
| 02:11 | Basic Calculus section کے نیچے دائیں جانب Add an activity or resource کے لنک پر کلک کریں۔ |
| ۔02:19 | resources کی ایک فہرست کے ساتھ ایک پاپ اپ کھلتا ہے۔ اسے activity chooser کہا جاتا ہے۔ |
| 02:26 | نیچے سکرول کریں اور فہرست میں سے URL منتخب کریں۔ resources کے بارے میں ایک تفصیلی وضاحت دائیں طرف دی گئی ہے۔ |
| ۔02:37 | URL resource کی مدد سے، ہم online resources میں لنک جوڑ سکتے ہیں۔ |
| 02:43 | یہ documents, online videos, wiki pages, open educational resources وغیرہ ہو سکتے ہیں۔ |
| 02:52 | activity chooser کے نیچے Add button پر کلک کریں۔ |
| 02:57 | نام کے فیلڈ میں، میں Evolutes of basic curves ٹائپ کروں گا۔ |
| 03:03 | پھر External URL ٹیکسٹ باکس میں، یہاں لکھا ہوا URL ٹائپ کریں۔ |
| 03:10 | Description ٹیکسٹ سیکشن ایک آپشنل فیلڈ ہے۔ میں یہاں دکھائے گئے ٹیکسٹ کو ٹائپ کروں گا۔ |
| 03:17 | اس ٹیکسٹ ایریا کے نیچے Display description on course page پر کلک کریں۔ |
| 03:24 | اب سیکشن کو کھولنے یعنی پھیلانے کے لئے Appearance پر کلک کریں۔ |
| ۔03:29 | یہاں Display کا آپشن طے کرتا ہے کہ ویڈیو کو کس طرح دکھایا جائے گا۔ |
| 03:35 | یہاں ڈراپ ڈاؤن میں 4 آپشنس ہیں: Automatic آپشن browser settings اور screen resolution پر مبنی بہترین آپشن کا انتخاب کرتا ہے۔ |
| ۔03:45 | Embed، course کے اندر ہی ویڈیو کھول دیتی ہے۔<br>Open، یوزر کو اسی ونڈو کے URL میں ری ڈائریکٹ کرتی ہے۔ |
| 03:55 | In pop-up میں ایک نئی پاپ اپ ونڈو میں ویڈیو کھلتی ہے۔ |
| 04:00 | جب آپ In pop-up منتخب کرتے ہیں تو، Pop-up width اور Pop-up height کے آپشنس فعال ہو جاتے ہیں۔ آپ اپنی پسند کے مطابق ویلیو میں ترمیم کر سکتے ہیں۔ |
| 04:12 | میں Embed کو بطور ڈسپلے آپشن کا انتخاب کروں گا۔ |
| 04:17 | نیچے Activity completion section میں سکرول کریں اور اسے پھیلانے کے لئے اس پر کلک کریں۔ |

| | |
|---|---|
| یہ sectionاساتذہ کو فیصلہ کرنے میں مدد کرتا ہے کہ آیا وہ کسی سرگرمی کی ٹریکِنگ یعنی تکمیل کا پتہ لگانا چاہتا ہے۔ | 04:24 |
| یہاںCompletion tracking کے 3 آپشنس ہیں۔resource پر منحصر آپ ٹریکنگ کے طریقہ کار کا فیصلہ کر سکتے ہیں۔ | 04:32 |
| میں یہاں تیسرا آپشن منتخب کرتا ہوں۔اورStudent must view this activity to complete it چیک باکس پر کلک کرتا ہوں۔ | 04:41 |
| نیچے سکرول کریں اور نیچے Save and return to course کے بٹن پر کلک کریں۔ | 04:51 |
| ایکٹِوِٹی کے نام کے ساتھ والی چیک مارک اس بات کی نشاندہی کرتی ہے کہ سرگرمی مکمل ہوئی۔ | -04:58 |
| اب ایکbook resource تیار کریں۔جیسا کہ نام سے پتہ چلتا ہے کہ اس میں بہت سے صفحات،ابواب اور ذیلی ابواب ہوں گے۔ | 05:05 |
| اس میں ملٹی میڈیا مواد بھی شامل ہوسکتا ہے۔ | -05:16 |
| اب واپس browserونڈو پر جائیں۔ | 05:20 |
| Basic Calculus section کے نیچے دائیں جانبAdd an activity or resourceکے لنک پر کلک کریں۔ | 05:23 |
| نیچے سکرول کریں اور resources کی فہرست میں سے Book کا انتخاب کریں۔ | 05:30 |
| activity chooser کے تحت Add کے بٹن پر کلک کریں۔ | 05:34 |
| Name فیلڈ میں،ٹائپ کریںIteering evolutes and incults | 05:39 |
| یہاں دکھائی گئی تفصیل ٹائپ کریں | 05:45 |
| سیکشن کو پھیلانے کے لئے Appearance پر کلک کریں۔ | 05:48 |
| پہلا آپشنChapter formatting ہے۔یہ فیصلہ کرتا ہے کہ ہم ابواب اور ذیلی ابواب کو کس طرح دیکھتے ہیں۔ | 05:51 |
| آپشنس،خود وضاحتی ہیں۔وضاحت کو پڑھنے کے لئے آپ ڈراپ ڈاؤن سے پہلے Help icon پر کلک کر سکتے ہیں۔ | -05:59 |
| میں اسے بطورِ Numbers رکھوں گا۔ | -06:08 |
| اگلا آپشنStyle of navigation ہے۔اس سے طے ہوتا ہے کہ ہم پچھلے اور اگلے links کو کیسے دکھاتے ہیں۔ | 06:11 |
| TOC، Table of Contentsہے۔ | -06:19 |
| اگر ہم Images کا انتخاب کرتے ہیں تو،پچھلی اور اگلی امیج کو بطور ایرو دکھایا جائے گا۔ | -06:23 |

| | |
|---|---|
| 06:29۔ | Text، نیویگیشن میں پچھلا اور اگلا باب دکھائے گا۔ |
| 06:34 | ہمارے پاس ہر باب کے نیویگیشن کے لئے کسٹم title فراہم کرنے کا آپشن بھی ہے۔ |
| 06:40 | اس کے بعد اس باب کے نام کو ٹیکسٹ کے بطور دکھایا جارہا ہے۔ |
| 06:45 | میں Text کو Style of navigation کے طور پر منتخب کروں گا۔ |
| 06:49 | اس کے بعد، اس کو پھیلانے کے لئے Restrict Access سیکشن پر کلک کریں۔اس سے ہمیں یہ فیصلہ کرنے میں مدد ملتی ہے کہ اس resources تک کس کی دسترس ہے۔ |
| 06:59۔ | ڈفالٹ طور پر، اس میں کوئی پابندی نہیں ہے۔اس کا مطلب یہ ہے کہ جو بھی اس course میں داخلہ لے گا وہ اس کتاب کو دیکھ سکے گا۔ |
| 07:08 | Add restriction کے بٹن پر کلک کریں۔ |
| 07:12 | یہاں کچھ آپشنس ہیں۔آپ ہر ایک کی وضاحت پڑھ سکتے ہیں اور فیصلہ کرسکتے ہیں کہ کونسی پابندی کا انتخاب کرنا ہے۔ |
| 07:21 | ہم پہلے سے بنائی URL resource کیلئے سرگرمی کو مکمل کرنے کی شرط رکھتے ہیں۔ |
| 07:27 | ہم تب تک اس کتاب تک رسائی پر پابندی عائد کرتے ہیں، جب تک کہ طالب علم اس کو مکمل ہونے کا اشارہ نہ کرے۔ |
| 07.33۔ | Activity completion پر کلک کریں۔پابندی کے لئے ہم نے جو آپشن منتخب کیا ہے اس پر انحصار کرتے ہوئے، یہاں کے فیلڈز مختلف ہوں گے۔ |
| 07:42 | Activity completion ڈراپ ڈاؤن میں Evolutes of basic curve منتخب کریں۔پھر شرط کے بطور Must be marked complete منتخب کریں۔ |
| 07:54 | نیچے سکرول کریں اور پیج کے نچلے حصے میں Save and display کے بٹن پر کلک کریں۔ |
| 08:00 | اب ہم اس کتاب میں ابواب اور ذیلی ابواب شامل کرسکتے ہیں۔ |
| 08:05 | Chapter title میں، Introduction ٹائپ کریں۔ |
| 08:09 | Content میں Introduction to evolutes and involutes ٹائپ کریں۔آپ اپنے لیکچر نوٹ کو کاپی اور پیسٹ کرسکتے ہیں، اگر کوئی ہے۔ |
| 08:19 | صفحے کے نیچے Save changes بٹن پر کلک کریں۔ |
| 08:24 | اب آپ اس باب کو page کے وسط میں دیکھ سکتے ہیں۔اور دائیں جانب table of contents ہے۔ |
| 08:32 | Exit Book لنک پر کلک کرنے سے یہ ہمیں Calculus course میں واپس لے جائے گا۔ |

| | |
|---|---|
| نوٹ کریں Introduction باب کے نیچے Table of Contents بلاک کے دائیں طرف 4 آئیکنس ہیں۔ | 08:38۔ |
| Add new chapter اور Edit, Delete, Hide۔ | 08:46 |
| اب مجھے ایک سب چیپٹر یعنی ذیلی باب شامل کرنا ہے۔ plus icon پر کلک کریں جو Add new chapter کی نشاندہی کرتا ہے۔ ذیلی ابواب، ابواب کی طرح بنائے جاتے ہیں۔ | 08:55۔ |
| ان کے پاس ایک اضافی چیک باکس ہے جس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ وہ ذیلی ابواب ہیں۔ چیک باکس پر کلک کریں۔ | 09:07 |
| Classical evolutes and involutes کو بطور ، Chapter title شامل کریں۔ یہاں دکھائے گئے مواد کو دکھائے گئے طریقے سے کاپی اور پیسٹ کریں۔ | 09: 15 |
| اس ٹیوٹوریل کی Code files میں، آپ کو اس Book-IteratingEvolutesAndInvolutes.odt کا مواد مل جائے گا۔ | 09:24 |
| پیج کے نیچے Save changes بٹن پر کلک کریں۔ | 09:31۔ |
| اب آپ ذیلی باب دیکھ سکتے ہیں۔ پچھلے باب کے نیویگیشن پر بھی توجہ دیں۔ | 09:37۔ |
| نوٹ کریں کہ دائیں آئکنس کے قریب ہی ایک اضافی آئکن ہے۔ | 09:44 |
| اوپر اور نیچے ایروز، ابواب کو دوبارہ ترتیب دینے کے لئے ہیں۔ | 09:49۔ |
| آیئے دیکھتے ہیں کہ جب ہم اس سب چیپٹر کو اُوپر لے جاتے ہیں تو کیا ہوتا ہے۔ اپ ایرو پر کلک کریں۔ | 09:54۔ |
| نوٹ کریں کہ Introduction اب ایک ذیلی باب کے بجائے دوسرا باب بن جائے گا۔ | 10:01 |
| اسے پہلے باب میں دوبارہ منتقل کریں۔ | 10:08 |
| ہم Classical evolutes and involutes کو کس طرح دوبارہ سب چیپٹر بناتے ہیں؟ اس میں ترمیم کرنے کیلئے عنوان کے نیچے gear آئیکون پر کلک کریں۔ | 10: 11 |
| اب اس کو ایک ذیلی باب بنانے کے لئے سب چیپٹر چیک باکس پر کلک کریں۔ | 10: 21 |
| نیچے سکرول کریں اور Save changes بٹن پر کلک کریں۔ | 10: 26 |
| ایک بار پھر Calculus course پر واپس جائیں۔ | 10:30 |
| اب ہمارے پاس Basic Calculus موضوع کے لئے درج ذیل resources موجود ہیں۔ | 10:34 |
| ہم ان resources کو ڈریگ کر کے دوبارہ ترتیب دے سکتے ہیں۔ | 10:40 |
| میں دوسرے دو کے اُوپر Evolutes of Basic curves URL کو ڈریگ کروں گا۔ | 10: 45 |

| | |
|---|---|
| 10:52 | ہر resources کے دائیں طرف ایک Edit لنک ہے۔اس پر کلک کریں۔ |
| 10:58 | resources میں edit, hide, duplicate اور delete کرنے کی ترتیبات یہ ہیں۔ یہ خود وضاحتی ہیں۔ |
| 11:09 | یہاں 2 آپشنز Move right اور Assign roles ہیں۔ |
| 11: 14 | Move right پر کلک کریں۔اس سے resource کو تھوڑا سا انڈینٹیشن ملے گا۔ |
| 11: 21 | یہ resource کی بصری نمائندگی کے لئے مددگار ہے، جو کسی دوسرے resource کا ایک حصہ ہے۔ |
| 11: 28 | میں اس resource کو اپنی اصل حالت میں واپس لانے کے لئے Move left پر کلک کروں گا۔ |
| 11:34 | اب ہم Moodle سے لاگ آؤٹ کر سکتے ہیں۔ |
| 11:38۔ | میں طالب علم Priya Sinha کے طور پر لاگ ان ہوں گا |
| 11:41 | اس طرح، طالب علم پریا سنہا بھی اس پیج کو دیکھیں گی۔ |
| 11:46 | نوٹ کریں کہ پہلی بار میں completion باکس میں ٹک نہیں لگا ہے۔ |
| 11:51 | اس resource کو مکمل طور پر نشان زد کرنے کے لئے اسے یہ URL دیکھنا ہوگا۔ |
| 11:56 | اور جب تک URL کے resource کو مکمل طور پر نشان زد نہیں کیا جاتا ہے اس وقت تک Book resource قابل کلک نہیں ہوتا ہے۔ |
| 12:02۔ | Evolutes of basic curves resource پر کلک کریں۔ |
| 12:07 | اب breadcrumb میں Calculus لنک پر کلک کریں۔ resource اب مکمل ہو چکا ہے اور کتاب طالب علم کو دستیاب ہے۔ |
| 12:17۔ | اس کے ساتھ، ہم ٹیوٹوریل کے اختتام پر آ گئے ہیں۔مختصر میں. |
| 12: 23 | اس ٹیوٹوریل میں، ہم نے Moodle اور URL resource , Book resource میں resources میں ترمیم کرنے کا طریقہ سیکھا۔ |
| 12:34۔ | آپ کے لئے یہ ایک چھوٹی سی مشق ہے۔اس سے پہلے ہمارے بننے والی کتاب میں مزید ابواب اور ذیلی ابواب شامل کریں۔ |
| 12:42۔ | ہدایت کے مطابق ان کو دوبارہ ترتیب دیں۔تفصیلات کے لئے اس ٹیوٹوریل میں Assignment لنک دیکھیں۔ |
| 12:50۔ | مندرجہ ذیل لنک پر موجود ویڈیو میں اسپوکن ٹیوٹوریل پروجیکٹ کا خلاصہ کیا گیا ہے۔ اسے ڈاؤن لوڈ کر کے دیکھیں۔ |
| 12:59۔ | اسپوکن ٹیوٹوریل پروجیکٹ ٹیم ورکشاپس کا انعقاد کرتی ہے اور اسناد دیتی ہے۔مزید معلومات کے لئے، ہمیں لکھیں۔ |

| | |
|---|---|
| 13:09۔ | وقت کے حوالہ کے ساتھ اس فورم میں اپنے سوالات پوسٹ کریں۔ |
| 13: 14 | اسپوکن ٹیوٹوریل پروجیکٹ کو NMEICT ، MHRD،حکومت ہند کی مالی معاونت حاصل ہے۔اس مشن کے بارے میں مزید معلومات دکھائے گئے لنک پر دستیاب ہیں۔ |
| 13:26۔ | اس اسکرپٹ کا ترجمہ اور صدابندی میں نے یعنی وجاحت احمد نے کی ہے۔ہمارے ساتھ شامل ہونے کے لئے آپ کا شکریہ۔ |